MERIT PACKAGING LIMITED Since 1980
A Lakson Group Company
Progressive Packaging Solutions

# میرٹ پیکیجنگ لمیٹڈ

لیکسن اسکوائر بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی۔74200

# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

**بذریعہ نوٹس ہذا** مطلع کیا جاتا ہے کہ میریٹ پیکیجنگ لمیٹڈ کا 44واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ مؤرخہ 25 اکتوبر 2024 بوقت شام 3:00 بجے بمقام پاکستان اسٹاک ایکسچینج آڈیٹوریم، پاکستان اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ کراچی میں منعقد کیا جا رہا ہے، اجلاس ہذا میں بذریعہ الیکٹرانک ذرائع/ویڈیو لنک بھی شرکت کی جاسکتی ہے جس میں درج ذیل امور پر کاروائی کی جائے گی:

**امور عمومی**

1۔ کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے بابت مالی سال اختتامیہ 30 جون 2024 معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹس کو وصول کرنا، زیر غور لانا اور انھیں اپنانا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 ("ایکٹ") کے سیکشن (6)223 کے تحت کمپنی کے مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کی جا چکی ہیں جنھیں درج ذیل لنک اور/یا کار آمد کیو آر کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

https://www.meritpack.com/wp-content/uploads/PDF/Financial%20Statements/2023-24/MPL-FR-AN-2023-24.pdf

2۔ آڈیٹرز کو تعینات کرنا اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔

**امور خصوصی**

3۔ مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کو زیر غور لانا اور اگر ضروری سمجھا جائے تو اس قرارداد کو پاس کرنا:

"**قرار دیا جاتا ہے کہ** معمول کے مطابق منسلکہ کمپنیوں/متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ کاروباری لین دین، جیسا کہ مالی سال اختتامیہ 30 جون 2024 کی آڈٹ شدہ سالانہ رپورٹ کے نوٹ نمبر 45 میں مذکور ہے، کی توثیق کی جاتی اور ان کی منظور کیا جاتا ہے۔"

"قرار دیا جاتا ہے کہ آئندہ مالی سال اختتامیہ 30 جون 2025 کے دوران معمول کے مطابق مذکورہ بالا منسلکہ کمپنیوں/متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ کاروباری لین دین کے معاملات کے سلسلے میں کمپنی کے چیف ایگزیکیٹو آفیسر فیصلہ کرنے کے مجاز ہیں اور انھیں بذریعہ ہذا اس بات کا مجاز بنایا جاتا ہے، نیز انھیں اس سلسلے میں کمپنی کی جانب سے تمام ضروری دستاویزات/معاہدات تیار کرنے اور ان پر دستخط کرنے اور ضروری اقدامات اٹھانے کے مجاز ہیں اور انھیں بذریعہ ہذا مجاز بنایا جاتا ہے۔"

درج بالا شق نمبر 3 سے متعلق، کمپنی ایکٹ 2017 کی دفعہ 134 کے تحت اسٹیٹمنٹ نوٹس ہذا کے ہمراہ اراکین کو ارسال کیے جارہے ہیں۔

بحکم بورڈ

**(منصور احمد)**

کمپنی سیکرٹری

کراچی: 25 ستمبر 2024

**نوٹس:**

1۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 18 اکتوبر 2024 تا 25 اکتوبر 2024 (بشمول ایام مذکورہ) بند رہیں گی۔ تاہم کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو (FAMCO) شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کو آخری کاروباری دن 17 اکتوبر 2024 تک موصول ہونے والی ٹرانسفرز کو بروقت تصور کیا جائے گا اور وہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے کیلئے اہل تصور ہونگے۔

**2۔ سالانہ رپورٹ کی ترسیل بذریعہ الیکٹرانک ذرائع:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (6)223 اور ایس آر او 2023/(I)389 مجریہ 21 مارچ 2023 کے مطابق کمپنی کی سالانہ رپورٹ برائے مالی سال 2024 بذریعہ ای میل ان ممبران کو ارسال کی جاچکی ہے جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو (FAMCO) شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس موجود ہیں، نیز رپورٹ ہذا کو ویب لنک اور کار آمد کیو آر کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔ تاہم کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس ممبران کے ای میل ایڈریس نا ہونے کی صورت میں، سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کی پرنٹ شدہ نقول معہ کار آمد کیو آر کوڈ/ویب لنک ممبران کو ارسال کئے جاچکے ہیں جن کی مدد سے سالانہ رپورٹ 2024 (معہ مالیاتی گوشوارے) ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہے۔

مذکورہ بالا بندوبست کے باوجود، کمپنی کی جانب سے کسی بھی ممبر کی درخواست پر سالانہ رپورٹ 2024 کی پرنٹ شدہ نقل فراہم کی جاسکتی ہے، پرنٹ شدہ نقل ممبر کے رجسٹرڈ شدہ پتے پر، بلا معاوضہ، درخواست موصول ہونے ایک (1) ہفتے کے اندر اندر ارسال کردی جائے گی۔

**3۔ سالانہ اجلاس عام میں ذاتی طور پر یا بذریعہ ویڈیو لنک حاضری:**

الف۔ کوئی بھی ممبر یا پراکسی سالانہ اجلاس عام کی کاروائی میں بذات خود حاضر ہو کر یا بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کر سکتا ہے۔

ب۔ ایسا کوئی بھی ممبر جس کی جانب سے اپنے شیئرز سینٹرل ڈیپازیٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کے پاس جمع کروائے جاچکے ہیں پر لازم ہے کہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنے ساتھ اپنا شراکتی شناختی نمبر، سی ڈی سی اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹ نمبر اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ لے کر آئے۔

ج۔ سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ الیکٹرانک ذرائع شرکت کا بندوبست مندرجہ ذیل طریق کار کے مطابق کیا جائے گا۔

i۔ ایسے ممبران جو کہ اجلاس میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ان کو زوم ایپلیکیشن ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کی جائے گی۔

ii۔ ایسے ممبران جو کہ بذریعہ زوم (Zoom) کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہاں ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی سیکرٹری کے آفس میں اپنی رجسٹریشن کروالیں اور اس سلسلے میں سالانہ اجلاس عام شروع ہونے سے کم از کم 24 گھنٹے قبل (یعنی 24 اکتوبر 2024 تک قبل از شام 3:00 بجے) درج ذیل ذرائع سے اپنی مندرجہ ذیل معلومات فراہم کردیں:

الف) موبائل/واٹس ایپ: 03155008228

ب) ای میل: comsec@meritpack.com.pk

شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ اپنا نام، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی نمبر، فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، موبائل فون نمبر اور ای میل آئی ڈی برائے شناخت تحریر کریں۔

دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز کی جانب سے مذکورہ بالا معلومات ملنے کے بعد کمپنی کی جانب سے ان کے ای میل ایڈریس پر لاگ ان کرنے سے متعلق معلومات فراہم کردی جائیں گی۔ سالانہ اجلاس عام کے دن ایسے شیئر ہولڈرز اپنے اسمارٹ فون یا کمپیوٹر کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کی کاروائی میں شرکت کر سکتے ہیں۔

مذکورہ بالا ذرائع کے ذریعے شیئر ہولڈرز اجلاس میں شرکت کے دوران مجوزہ ایجنڈے کے بارے میں اپنی آراء/تجاویز بھی دے سکتے ہیں۔

**4۔ پراکسیز مقرر کرنے کی شرائط:**

الف۔ کوئی بھی ایسا ممبر جو کہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کا اہل ہو اپنی جگہ کسی دوسرے ممبر کو پراکسی مقرر کر سکتا ہے جو کہ اس کی جگہ اجلاس میں شرکت کرے، اظہار رائے کرے اور حق رائے دہی استعمال کرے۔ اصل ممبر کی طرح پراکسی کو بھی اجلاس میں شرکت کرنے، اظہار رائے کرنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے حقوق حاصل ہونگے۔ پراکسی کیلئے لازم ہے کہ وہ کمپنی کا ممبر ہو۔

ب۔ پراکسی فارمز کے قابل قبول ہونے کیلئے لازم ہے کہ ان فارمز کو باقاعدہ پُر کیا گیا ہو اور اجلاس شروع ہونے سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے (علاوہ تعطیلات) پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ شدہ دفتر بمقام لیکسن اسکوائر، بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی میں جمع کروادیں۔

ج۔ پراکسی فارم پر دو گواہوں کے دستخط کئے جائیں گے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہونا لازم ہے۔

د۔ پراکسی فارم کے ساتھ مستفید ہونے والے مالک کے ساتھ پراکسی کی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقول یا کارمد پاسپورٹ کی نقول بھی لازماً جمع کروائی جائیں۔

ہ۔ پراکسی حضرات سے گزارش ہے کہ بوقت اجلاس اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ ظاہر کریں۔

و۔ بصورت کاروباری ادارہ، بطور ممبر، کمپنی کی جانب سے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نمائندہ شخص کے نمونہ دستخط پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کے پاس جمع کروادیئے جائیں (اگر اس سے پہلے فراہم نا کی گئی ہوں)۔

**حصص یافتگان کے پتوں/ای میل ایڈریس اور موبائل فون نمبروں کی تجدید:**

ایسے ممبران جن کے پاس کمپنی حصص کاغذی (فزیکل) صورت میں موجود ہوں، اگر ان کے پتے یا دیگر کوائف میں کسی بھی قسم کی کوئی تبدیلی واقع ہوئی ہو تو کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر اس سے مطلع کریں۔ بصورت الیکٹرانک حصص، ممبران اپنے پتے میں تبدیلی سے اپنے شراکت دار یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹس سروس کو مطلع فرمائیں۔

نیز کمپنیز ایکٹ 2017 سیکشن 119 اور ریگولیشن 47 بابت کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے تحت تمام حصص یافتگان خواہ ان کے پاس حصص فزیکل یا سی ڈی سی کی صورت میں ہوں سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے موبائل فون نمبر اور ای میل ایڈریس (معہ کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل) کی تجدید کیلئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس جمع کروادیں، نیز شیئر رجسٹرار کو مطلع فرما دیں کہ آپ کے پاس حصص فزیکل صورت میں ہیں، ممبر کے شراکتی/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کی صورت میں ہیں یا بک انٹری کی صورت میں ہیں۔

**فزیکل حصص کی سی ڈی سی اکاؤنٹ میں منتقلی:**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کے سیکشن 72 کی جانب توجہ مبذول کروانے کیلئے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ایک لیٹر بحوالہ نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مؤرخہ 26 مارچ 2021 ارسال کیا گیا ہے، جس کی رو سے تمام کمپنیوں پر لازم ہے کہ انکی جانب سے ممبران کو کاغذی (فزیکل) صورت میں جاری کردہ حصص کو بک انٹری کی صورت میں منتقل کیا جانا لازم ہے اور یہ منتقلی ایکٹ کے نفاذ سے چار سال کے عرصے کے اندر اندر کی جانی لازم ہے۔

(مذکورہ بالا سیکشن 72 پر مکمل عمل درآمد کیلئے اور بک انٹری کی صورت میں شیئرز کی سہولت سے فائدہ اٹھانے کیلئے، ایسے تمام ممبران جن کے پاس حصص ابھی تک کاغذی (فزیکل) صورت میں موجود ہیں سے گزارش ہے کہ اپنے حصص کو بک انٹری کی صورت میں منتقل کروالیں۔)

(حصص یافتگان سی ڈی سی اکاؤنٹ کھلوانے کیلئے اور اپنے حصص کا فزیکل صورت سے بک انٹری کی صورت میں منتقل کروانے کیلئے اپنے بروکر، سی ڈی سی شراکت دار یا سی ڈی سی اکاؤنٹ سروس فراہم کنندہ کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس طرح حصص یافتگان کو کئی لحاظ سے سہولت حاصل ہو جائے گی جیسا کہ حصص کا محفوظ رہنا اور مثنی حصص کے اجراء کیلئے رسمی کاروائی سے بچت وغیرہ۔)

**5۔ غیر دعوی شدہ ڈیویڈنڈ/حصص بمطابق کمپنیز ایکٹ 2017 سیکشن 244:**

کمپنی کی ویب سائٹ www.meritpack.com پر غیر دعوی شدہ ڈیویڈنڈز/شیئرز کی تجدید شدہ فہرست دستیاب ہے۔ یہ غیر دعوی شدہ ڈیویڈنڈز اور شیئرز واجب الادا ہونے کی تاریخ سے تین سال کے عرصے کے دوران اب تک ادا نہیں کئے گئے۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود کلیم فارمز پر ممبران کی جانب سے ان ڈیویڈنڈ کی وصولی کیلئے درخواست دی جاسکتی ہے۔ ان ڈیویڈنڈ کی وصولی کیلئے کلیم فارمز کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کے پاس جمع کروائے جاسکتے ہیں۔

**6۔ ای ووٹنگ:**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018، ترمیم شدہ بمطابق 5 دسمبر 2022، کی رو سے کمپنی کی جانب سے امور خصوصی کے ضمن میں بذریعہ الیکٹرانک ذرائع ممبران کو حق رائے دہی استعمال کرنے کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ ای ووٹنگ سے متعلق معلومات کمپنی کے ان ممبران کو فراہم کردی جائیں گی جن کا کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، موبائل فون نمبر، ای میل ایڈریس اس دوران کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں درج ہونگے۔ بطور متبادل ممبران بذریعہ ڈاک بھی حق رائے دہی استعمال کر سکتے ہیں، پوسٹل بیلٹ کو نوٹس ہذا کے ساتھ شائع کیا جارہا ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ سے بھی اسے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

7۔ ممبران کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 اور 145 کے مطابق بھی اپنے حق رائے دہی کو استعمال کرنے کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔

**8۔ پراکسی فارم:**

پراکسی فارم اور بیلٹ پیپر ممبران کو نوٹس کے ہمراہ ارسال کیا جا رہا ہے نیز یہ فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.meritpack.com پر بھی دستیاب ہے۔

28x5